# ٹیچرز گائیڈ

## طوطا بکری اور ہم

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں **5** سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- بچوں کو کتاب کا ٹائٹل دکھائیں اور پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ کتاب ایک اسکول کے بچوں نے اپنے پالتو جانوروں اور پرندوں کے بارے میں لکھی ہے۔ کتاب میں شامل تصویریں بھی بچوں نے بنائی ہیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون سے جانور/ پرندے اچھے لگتے ہیں؟
  - کسی کے گھر میں کوئی پالتو جانور/ پرندہ ہے؟
  - اگر ہے تو وہ کیا کھاتا پیتا ہے؟
  - اسے گھر میں کہاں رکھتے ہیں؟
  - بچوں سے کہیں کہ جواب دینے کے لئے وہ ہاتھ اٹھائیں اور انہیں باری باری بات کرنے کا موقع دیں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں نکالیں۔ پہلے خود کتاب پڑھ کر سنائیں اور مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتاتی جائیں۔
  - ہر صفحہ پڑھنے کے بعد اس پر بنی تصویر بھی بچوں کو دکھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں تصویر کیسی لگی۔ تصویر میں انہیں کیا کیا چیزیں نظر آ رہی ہیں؟

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کتاب میں دیکھ کر بتائیں کہ اس میں کون کون سے پرندوں/ جانوروں کے بارے میں لکھا ہے۔ بچے جو نام بتائیں انہیں بورڈ پر ایک کولم میں لسٹ کریں۔
  - لسٹ مکمل ہونے کے بعد بچوں سے ہر پرندے/ جانور کے بارے میں پوچھیں کہ اسے انگریزی میں کیا کہتے ہیں اور انگریزی کے درست نام بھی اگلے کولم میں لکھیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر کیا ہوا کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

| animal / bird | جانور / پرندہ |
|---|---|
| horse | گھوڑا |
| donkey | گدھا |
| monkey | بندر |
| cock | مرغا |
| duck | بطخ |
| dog | کتا |

| animal / bird | جانور / پرندہ |
|---|---|
| parrot | طوطا |
| goat | بکری |
| cat | بلی |
| rabbit | خرگوش |
| cow | گائے |
| sheep | بھیڑ |

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے صفحے پر دیا گیا ٹیبل چارٹ پیپر پر بنا کر کلاس میں اگلے سیشن (سیشن 2) میں لائیں۔

## سیشن 2

45 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ جانوروں کی دنیا میں جانور' کیڑے مکوڑے' پرندے' مچھلیاں سب شمار ہوتے ہیں۔
  - بچوں کو چارٹ پیپر پر بنا ٹیبل دکھائیں۔
  - بچوں سے ہر جانور کے بارے میں پوچھ کر ٹیبل مکمل کریں۔
  - بچے اپنے مشاہدہ سے بتائیں گے کہ ٹیبل میں دیئے گئے جانور کیا کرتے ہیں۔ اگر بچے غلط بتائیں تو ان کی اصلاح کریں۔ چارٹ میں صحیح معلومات لکھیں۔
  - چارٹ مکمل کر کے کلاس میں لگائیں۔ چارٹ پر دی گئی تمام معلومات بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیں۔

| جانور کا نام | اڑتا ہے<br>چلتا ہے<br>رینگتا ہے<br>(تینوں میں سے کوئی ایک لکھیں) | پانی میں رہتا ہے<br>یا<br>زمین پر رہتا ہے<br>(پانی یا زمین لکھیں) | کتنی ٹانگوں پر<br>چلتا ہے<br>(نمبر لکھیں) | اپنے بچوں کو<br>دودھ پلاتا ہے<br>( ✓ لگائیں) |
|---|---|---|---|---|
| بلی | | | | |
| تتلی | | | | |
| کبوتر | | | | |
| سانپ | | | | |
| وھیل | | | | |
| کیچوا | | | | |
| کیکڑا | | | | |
| چیونٹی | | | | |
| لال بیگ | | | | |
| گرگٹ | | | | |
| مگرمچھ | | | | |
| بطخ | | | | |
| زرافہ | | | | |
| کچھوا | | | | |
| کوا | | | | |
| مکڑی | | | | |
| شارک | | | | |
| بندر | | | | |
| مینڈک | | | | |
| تم | | | | |

# سیشن 3

10 منٹ
- جن بچوں نے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کی ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

15 منٹ
- بورڈ پر 2 کولم بنا کر ایک کولم میں مذکر اور دوسرے میں مونث لکھیں۔ کتاب میں دیئے گئے جانور / پرندوں کو صنف کے مطابق مذکر اور مونث کے کولم میں لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر مذکر مونث مکمل کریں۔

  - بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر کئے گئے کام کو کوپی میں لکھیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| طوطا | طوطی |
| بکرا | بکری |
| بلا | بلی |
| چوہا | چوہیا |
| بیل | گائے |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| گھوڑا | گھوڑی |
| گدھا | گدھی |
| بندر | بندریا |
| مرغا | مرغی |
| ہرن | ہرنی |

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ جانور ہمارے کس کام آتے ہیں؟ ان سے ہمیں کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

  - بچوں کے جوابات سننے کے بعد بتائیں کہ کچھ جانور ہماری سواری کے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ چیزیں لے جانے کے کام آتے ہیں۔ بچوں سے ایسے جانوروں کی مثالیں پوچھیں اور چند مثالیں خود بھی بتائیں جیسے: گھوڑا گدھا اونٹ خچر

  - بتائیں کہ کچھ جانور/ پرندوں کا ہم گوشت کھاتے ہیں۔ بچوں سے ایسے جانوروں کی مثالیں پوچھیں اور چند مثالیں خود بھی بتائیں جیسے: مرغی بکری گائے مچھلی بھیڑ تیتر ہرن

## گھر کا کام

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ نیچے دیئے گئے الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں اور اگلے سیشن میں ان الفاظ کی املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

| | |
|---|---|
| کانٹا | پسند |
| گھاس | صبح |
| بھوری | سفید |
| خرگوش | دانت |
| بہت | سواری |
| غصہ | گھر |
| صحن | کیلے |
| بالکل | |

# سیشن 4

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

15 منٹ

- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ کچھ جانور / پرندے گھروں میں پالے جاتے ہیں۔ انہیں پالتو کہتے ہیں۔ کچھ جانور / پرندے گھروں میں نہیں پالے جاتے۔ انہیں جنگلی کہتے ہیں۔ بچوں سے چند پالتو جانوروں کی مثالیں زبانی پوچھیں جیسے: بلی کتا طوطا گھوڑا

- بچوں سے چند جنگلی جانوروں کی مثالیں زبانی پوچھیں جیسے: شیر بھیڑیا لومڑی چیل

- بچوں سے چند جانوروں / پرندوں کے نام لے کر پوچھیں کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ وہ کیا کھاتے ہیں؟ جیسے:

| جانور | کیا کھاتا ہے |
|---|---|
| بلی | گوشت ہڈیاں دودھ مچھلی |
| بکری | گھاس پتے پودے پھول |
| طوطا | مونگ پھلی امرود ہری مرچ دانے دار پھلیاں |
| خرگوش | گھاس گاجر بند گوبھی |
| مرغا | دانہ دنکا گھاس کیڑے مکوڑے |

## گھر کا کام

5 منٹ


- اپنی پسند کے جانور / پرندے کے بارے میں امی / ابو سے پوچھیں کہ جانور / پرندہ پالتو ہے یا جنگلی اور وہ کیا کھاتا ہے۔

# سیشن 5

15 منٹ

- نیچے دیئے گئے حروف دی گئی ترتیب سے بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے حروف میں چند جانور/ پرندوں کے نام چھپے ہوئے ہیں۔ اگر وہ ان حروف کو دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے اور کروس میں جوڑ کر پڑھیں تو کسی جانور/ پرندے کا نام بنے گا۔ ایک مثال دے کر بچوں کو سمجھائیں۔

  - بچوں سے کہیں کہ جو بچہ نام ڈھونڈ لے وہ ہاتھ اٹھائے۔ بچوں کو باری باری بورڈ کے پاس بلائیں اور جانور/ پرندے کے نام پر نشان لگوائیں۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چ | ی | ر | ک | ب | گ |
| ڑ | ی | ت | ی | ھ | د |
| ی | ا | ل | و | س | ھ |
| ا | م | ڑ | ی | بھ | ا |
| ل | ا | و | ک | ٹ | تھ |
| ھ | چ | ی | ر | ج | ی |

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کے جانور/ پرندے کی ڈرائنگ بنائیں' اس میں رنگ بھریں اور اس کے بارے میں 4 - 3 جملے لکھیں۔

  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر کام دیکھیں اور ان کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کام مکمل کرنے کے بعد اپنی بنائی ہوئی ڈرائنگ گھر لے جا کر امی/ ابو کو دکھائیں۔

# طوطا بکری اور ہم
# ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale